# Edexcel GCE

# Urdu

## Advanced Subsidiary
## Unit 1: Spoken Expression and Response in Urdu
## (Teacher/Examiner Version)

Summer 2011
**Time: 8–10 minutes**

Paper Reference
**6UR01**

**You do not need any other materials.**

*Turn over* ▶

P38969A
©2011 Edexcel Limited.
1/1/1/1/

P 3 8 9 6 9 A

edexcel
advancing learning, changing lives

## Instructions to teacher/examiner

- Candidates must be allowed 15 minutes preparation time.
- The preparation time must be immediately prior to the examination.
- The preparation time must be used to study the stimulus.
- Candidates can make notes. This can be up to a maximum of one side of A4.
- Candidates may refer to their notes during the test.
- Candidates must not write on the stimuli.
- Candidates must not have access to a dictionary, or any other resource, during the preparation time.
- Any notes made during the preparation time must be kept by the centre until the release of results.
- The 4 set questions in Section A must be asked by the teacher/examiner as they are presented.
- Section B involves a discussion that moves away from the main focus of the stimulus, but is still related to the chosen topic area.

## Sequence of oral tests

- To avoid duplication of stimuli, candidates must be given the cards in the sequence and combination prescribed below. Refer first to the candidate column and then go across to the candidate's chosen general topic area. **For example, for the fourth candidate of the day, refer to row 4. If their chosen general topic area is 'The world around us', they must be allocated stimulus 2 card 2A.**
- If you conduct more than 15 tests in a day e.g. in the morning, afternoon and evening sessions, after the 15th candidate start at the beginning of the sequence again.
- If you are conducting tests on more than one day, start each new day at the beginning of the sequence.

| | Stimulus | | | |
|---|---|---|---|---|
| Candidate | Youth culture & concerns | Lifestyle, health and fitness | The world around us | Education and employment |
| 1 | S1A | S2A | S2A | S1A |
| 2 | S2B | S1B | S2B | S1B |
| 3 | S2A | S1A | S1A | S2A |
| 4 | S1B | S2B | S2A | S1A |
| 5 | S2B | S1B | S1B | S2B |
| 6 | S1A | S2A | S1A | S2A |
| 7 | S2A | S2B | S2B | S1B |
| 8 | S2B | S1A | S1B | S2B |
| 9 | S1B | S2A | S2A | S1A |
| 10 | S1A | S1B | S2B | S1B |
| 11 | S2B | S1A | S1A | S2A |
| 12 | S1A | S2B | S2A | S2B |
| 13 | S2A | S1B | S1B | S1A |
| 14 | S2B | S2A | S1A | S2A |
| 15 | S1B | S2B | S2B | S1B |


**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE & CONCERNS**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1A**

# انٹرنیٹ کا غلط استعمال




آج کل لاکھوں نوجوان ایک دوسرے سے ملنے اور باتیں کرنے کے لیے ''فیس بک'' جیسی ویب سائٹ کا استعمال کرتے ہیں۔ ویسے تو اس کا کوئی نقصان نظر نہیں آتا لیکن حال ہی میں ایک تحقیق کے نتیجے میں یہ پتہ چلا ہے کہ دوست بنانے کے لیے بہت سے نوجوان بغیر سوچے سمجھے اپنی ذاتی معلومات ظاہر کر دیتے ہیں۔ انٹرنیٹ پر بہت سے ایسے لوگ موجود ہوتے ہیں جو ان نوجوانوں کی سادگی کا ناجائز فائدہ اُٹھاتے ہیں۔ وہ ان کے نام کے جعلی بینک اکاؤنٹ کھول لیتے ہیں اور کریڈٹ کارڈ کا غلط استعمال کرتے ہیں۔

- عبارت کے مطابق نوجوان یہ ویب سائٹ کیوں استعمال کرتے ہیں؟
- عبارت کے مطابق نوجوانوں سے کیا غلطی ہو جاتی ہے؟
- آپ کو ایسی ویب سائٹوں پر کیا نہیں کرنا چاہیے؟
- آپ کی رائے میں کیا ایسی ویب سائٹ نوجوانوں کا ایک دوسرے سے ملنے کا جائز طریقہ ہے اور کیوں؟


**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE & CONCERNS**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1B**

# انٹرنیٹ کا غلط استعمال




آج کل لاکھوں نوجوان ایک دوسرے سے ملنے اور باتیں کرنے کے لیے ''فیس بک'' جیسی ویب سائٹ کا استعمال کرتے ہیں۔ ویسے تو اس کا کوئی نقصان نظر نہیں آتا لیکن حال ہی میں ایک تحقیق کے نتیجے میں یہ پتہ چلا ہے کہ دوست بنانے کے لیے بہت سے نوجوان بغیر سوچے سمجھے اپنی ذاتی معلومات ظاہر کر دیتے ہیں۔ انٹرنیٹ پر بہت سے ایسے لوگ موجود ہوتے ہیں جو ان نوجوانوں کی سادگی کا ناجائز فائدہ اُٹھاتے ہیں۔ وہ ان کے نام کے جعلی بینک اکاؤنٹ کھول لیتے ہیں اور کریڈٹ کارڈ کا غلط استعمال کرتے ہیں۔

- عبارت کے مطابق نوجوان یہ ویب سائٹ کیوں استعمال کرتے ہیں؟
- عبارت کے مطابق نوجوانوں سے کیا غلطی ہو جاتی ہے؟
- آپ کے خیال میں کیا ایسی ویب سائٹ پر پابندی لگانی چاہیئے؟
- ایسی سائٹ کے سلسلے میں آپ اپنے دوست کو کیا مشورہ دیں گے؟

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE & CONCERNS**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2A**

# اے آر رحمان



ہالی وڈ کی ''آسکر'' کی تقریب میں جب اللہ رکھا رحمان کی موسیقی گونجی تب دنیا نے جانا کہ رحمان کتنے بڑے موسیقار ہیں ۔رحمان پہلے ہندوستانی ہیں جنہیں ''آسکر'' کا ایوارڈ ملا۔ لیکن بہت کم لوگ ان کے بارے میں جانتے ہیں۔ وہ ایک ہندو گھرانے میں پیدا ہوئے اور ان کا نام دلیپ کمار رکھا گیا۔ ان کے والد جوانی میں انتقال کر گئے جس کی وجہ سے خاندان کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ کچھ عرصے بعد دلیپ کی طبیعت بہت خراب ہوگئی۔ ماں نے پڑوسیوں کے کہنے پر ایک پیر کے مزار پر جا کر دعا مانگی ۔جس کے بعد دلیپ ٹھیک ہوگئے۔اسی وجہ سے وہ اپنے پورے خاندان کے ساتھ مسلمان ہوگئیں اور دلیپ کا نام اللہ رکھا رحمان رکھ دیا گیا۔

- عبارت کے مطابق دنیا بھر میں اے آر رحمان کے مشہور ہونے کی کیا وجہ ہے؟
- عبارت کے مطابق ان کا خاندان کیوں مسلمان ہوگیا؟
- آپ کون سی موسیقی پسند کرتے ہیں اور کیوں؟
- لوگوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے میں موسیقی کا کیا کردار ہے؟



P38969A

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: YOUTH CULTURE & CONCERNS**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2B**

# اے آر رحمان



ہالی وڈ کی '' آسکر'' کی تقریب میں جب اللہ رکھا رحمان کی موسیقی گونجی تب دنیا نے جانا کہ رحمان کتنے بڑے موسیقار ہیں ۔رحمان پہلے ہندوستانی ہیں جنہیں'' آسکر'' کا ایوارڈ ملا۔ لیکن بہت کم لوگ ان کے بارے میں جانتے ہیں۔ وہ ایک ہندو گھرانے میں پیدا ہوئے اور ان کا نام دلیپ کمار رکھا گیا۔ ان کے والد جوانی میں انتقال کر گئے جس کی وجہ سے خاندان کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ کچھ عرصے بعد دلیپ کی طبیعت بہت خراب ہوگئی۔ ماں نے پڑوسیوں کے کہنے پر ایک پیر کے مزار پر جا کر دعا مانگی ۔جس کے بعد دلیپ ٹھیک ہوگئے۔اسی وجہ سے وہ اپنے پورے خاندان کے ساتھ مسلمان ہوگئیں اور دلیپ کا نام اللہ رکھا رحمان رکھ دیا گیا۔

- عبارت کے مطابق دنیا بھر میں اے آر رحمان کے مشہور ہونے کی کیا وجہ ہے؟
- عبارت کے مطابق ان کا خاندان کیوں مسلمان ہوگیا؟
- آج کل کے نوجوان کونسی موسیقی زیادہ پسند کرتے ہیں اور کیوں؟
- آپ کی رائے میں نئی ٹیکنالوجی کا موسیقی پر کیا اثر ہوا ہے؟

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1A**

# صحت اور ورزش



اردو میں ایک مشہور کہاوت ہے کہ ’’ تندرستی ہزار نعمت ہے‘‘ ۔ اس سلسلے میں متوازن غذا کے ساتھ ساتھ ورزش بھی بہت ضروری ہے۔ ہمیں بار بار یہ بتایا جا تا ہے کہ باقاعدہ ورزش سے ہمارا دل اور جسم کے دوسرے اعضاء بھی ٹھیک رہتے ہیں۔ لیکن اب کینیڈا کے ایک طبّی ماہر کی رپورٹ کے مطابق صرف تھوڑی سی ورزش سے ہماری صحت اچھی رکھی جا سکتی ہے۔ اس رپورٹ کے مطابق ہر روز کے بجائے، ہفتے میں دو یا تین بار دس دس منٹ کی ورزش کرنا کافی ہے۔

- عبارت کے مطابق صحت کے بارے میں اردو کی کون سی کہاوت مشہور ہے؟
- عبارت کے مطابق نئی رپورٹ میں کیا کہا گیا ہے؟
- آپ کے خیال میں ورزش کرنے کے کیا فائدے ہیں؟
- آپ کے خیال میں برطانیہ میں موٹاپا کیوں بڑھ رہا ہے؟

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1B**

# صحت اور ورزش



اردو میں ایک مشہور کہاوت ہے کہ'' تندرستی ہزار نعمت ہے''۔اس سلسلے میں متوازن غذا کے ساتھ ساتھ ورزش بھی بہت ضروری ہے۔ ہمیں بار بار یہ بتایا جا تا ہے کہ با قاعدہ ورزش سے ہمارا دل اورجسم کے دوسرے اعضاء بھی ٹھیک رہتے ہیں۔لیکن اب کینیڈا کے ایک طبّی ماہر کی رپورٹ کے مطابق صرف تھوڑی سی ورزش سے ہماری صحت اچھی رکھی جاسکتی ہے۔اس رپورٹ کے مطابق ہر روز کے بجائے، ہفتے میں دو یا تین بار دس دس منٹ کی ورزش کرنا کافی ہے۔

- عبارت کے مطابق صحت کے بارے میں اردو کی کون سی کہاوت مشہور ہے؟
- عبارت کے مطابق نئی رپورٹ میں کیا کہا گیا ہے؟
- آپ کے خیال میں متوازن غذا کیا ہے اور یہ ہمارے لیے کیوں ضروری ہے؟
- ورزش کے علاوہ صحت مند رہنے کے لیے اور کیا کرنا ضروری ہے؟

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2A**

# کرکٹ کا آغاز



کرکٹ ایک بہت مقبول کھیل ہے خاص طور پر ان ملکوں میں جہاں برطانیہ کی حکومت رہی ہے۔ اب تک یہ سمجھا جاتا تھا کہ یہ کھیل سات سو سال پہلے انگلستان میں شروع ہوا۔ لیکن اب آسٹریلیا کے ایک پروفیسر نے دعویٰ کیا ہے کہ کرکٹ کا کھیل بیلجیم کے کپڑے بُننے والوں نے اپنے ملک سے انگلستان تک پہنچایا۔ ایسا لگتا ہے کہ بیلجیم کے یہ لوگ اپنے فارغ وقت میں کرکٹ کا سادہ سا کھیل کھیلا کرتے تھے۔

- عبارت کے مطابق کرکٹ دنیا میں کیسے پھیلی؟
- عبارت کے مطابق پروفیسر صاحب نے کیا دعویٰ کیا ہے؟
- آپ کے خیال میں لوگوں کو قریب لانے میں کھیلوں کا کیا کردار ہے؟
- آپ کے خیال میں کھلاڑیوں کی شہرت کا ان کی زندگی پر کیا اثر پڑ سکتا ہے؟

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: LIFESTYLE, HEALTH AND FITNESS**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2B**

# کرکٹ کا آغاز



کرکٹ ایک بہت مقبول کھیل ہے خاص طور پر ان ملکوں میں جہاں برطانیہ کی حکومت رہی ہے۔ اب تک یہ سمجھا جاتا تھا کہ یہ کھیل سات سو سال پہلے انگلستان میں شروع ہوا۔ لیکن اب آسٹریلیا کے ایک پروفیسر نے دعویٰ کیا ہے کہ کرکٹ کا کھیل بیلجیم کے کپڑے بُننے والوں نے اپنے ملک سے انگلستان تک پہنچایا۔ ایسا لگتا ہے کہ بیلجیم کے یہ لوگ اپنے فارغ وقت میں کرکٹ کا سادہ سا کھیل کھیلا کرتے تھے۔

- عبارت کے مطابق کرکٹ دنیا میں کیسے پھیلی؟
- عبارت کے مطابق پروفیسر صاحب نے کیا دعویٰ کیا ہے؟
- کرکٹ اور فٹ بال میں زیادہ مقبول کھیل کون سا ہے اور کیوں؟
- آج کل عورتیں بھی مردوں کی طرح کھیلوں میں حصّہ لے رہی ہیں۔ اس بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1A**

# درخت کاٹنے کے نقصانات



کئی سال پہلے پاکستان کے شمالی علاقوں کی ہر وادی میں درخت ہی درخت نظر آتے تھے۔ ماحول کو خوبصورت بنانے کے علاوہ درختوں کی اہمیّت کی اور بھی بہت سی وجوہات ہیں۔ وہ بارش اور برف کا پانی جذب کر کے پہاڑوں کی مٹی کو اپنی جگہ پر قائم رکھتے ہیں۔ اب بڑھتی ہوئی آبادی کی وجہ سے مکان بنانے اور آگ جلانے کے لیے لکڑی کا استعمال بہت بڑھ گیا ہے۔ اگرچہ حکومت نے درخت کاٹنے پر پابندی لگائی ہے، لیکن پھر بھی لوگ درختوں کو کاٹتے ہیں جس کی وجہ سے ان علاقوں میں سیلاب آنا شروع ہو گئے ہیں، آلودگی بڑھ گئی ہے اور وہاں فصلیں بھی نہیں اُگائی جا سکتیں۔

- عبارت کے مطابق کئی سال پہلے شمالی علاقے کیسے نظر آتے تھے؟
- عبارت کے مطابق درخت کاٹنے کے نقصانات کیا ہیں؟
- آپ کے خیال میں درخت کیوں ضروری ہیں؟
- آپ کی رائے میں حکومت کو کیا کرنا چاہیئے اور کیوں؟



P38969A

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1B**

# درخت کاٹنے کے نقصانات



کئی سال پہلے پاکستان کے شمالی علاقوں کی ہر وادی میں درخت ہی درخت نظر آتے تھے۔ ماحول کو خوبصورت بنانے کے علاوہ درختوں کی اہمیّت کی اور بھی بہت سی وجوہات ہیں۔ وہ بارش اور برف کا پانی جذب کر کے پہاڑوں کی مٹی کو اپنی جگہ پر قائم رکھتے ہیں۔ اب بڑھتی ہوئی آبادی کی وجہ سے مکان بنانے اور آگ جلانے کے لیے لکڑی کا استعمال بہت بڑھ گیا ہے۔ اگرچہ حکومت نے درخت کاٹنے پر پابندی لگائی ہے، لیکن پھر بھی لوگ درختوں کو کاٹتے ہیں جس کی وجہ سے ان علاقوں میں سیلاب آنا شروع ہو گئے ہیں، آلودگی بڑھ گئی ہے اور وہاں فصلیں بھی نہیں اُگائی جا سکتیں۔

- عبارت کے مطابق کئی سال پہلے شمالی علاقے کیسے نظر آتے تھے؟
- عبارت کے مطابق درخت کاٹنے کے کیا نقصانات ہیں؟
- آپ کی رائے میں لوگ درخت کاٹنے پر کیوں مجبور ہو جاتے ہیں؟
- آپ کی رائے میں درختوں کو کاٹے جانے سے کیسے روکا جا سکتا ہے؟

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2A**

# شہد کی مکھیاں



شہد بنانے کے علاوہ شہد کی مکھیاں پھلوں کی پیداوار بڑھانے میں بھی ایک اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ مگر پچھلے چند سالوں میں شہد کی مکھیوں میں خطرناک حد تک کمی واقع ہوئی ہے، لیکن اس کی وجہ ابھی تک نہیں معلوم کی جا سکی ہے۔ کچھ سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ اس کی وجہ ماحولیاتی آلودگی ہے جب کہ دوسروں کے خیال میں موبائل فون کی شعاعیں ہیں جو شہد کی مکھیوں کو نقصان پہنچاتی ہیں جب کہ چند ماہرین نے کیمیائی دوائیوں کے چھڑکاؤ پر الزام لگایا ہے۔

- عبارت کے مطابق شہد کی مکھیاں کیا اہم کردار ادا کرتی ہیں؟
- عبارت میں سائنسدانوں کے مطابق شہد کی مکھیوں کو کس طرح کے خطرات کا سامنا ہے؟
- آپ کی رائے میں آپ کے علاقے میں آلودگی کی کیا وجوہات ہیں؟
- ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے کے لیے آپ کیا کر سکتے ہیں؟

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: THE WORLD AROUND US**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2B**

# شہد کی مکھیاں



شہد بنانے کے علاوہ شہد کی مکھیاں پھلوں کی پیداوار بڑھانے میں بھی ایک اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ مگر پچھلے چند سالوں میں شہد کی مکھیوں میں خطرناک حد تک کمی واقع ہوئی ہے،لیکن اس کی وجہ ابھی تک نہیں معلوم کی جاسکی ہے۔ کچھ سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ اس کی وجہ ماحولیاتی آلودگی ہے جب کہ دوسروں کے خیال میں موبائل فون کی شعاعیں ہیں جو شہد کی مکھیوں کو نقصان پہنچاتی ہیں جب کہ چند ماہرین نے کیمیائی دوائیوں کے چھڑکاؤ پر الزام لگایا ہے۔

- عبارت کے مطابق شہد کی مکھیاں کیا اہم کردار ادا کرتی ہیں؟
- سائنسدانوں کے مطابق شہد کی مکھیوں کو کس طرح کے خطرات کا سامنا ہے؟
- آپ کے خیال میں ماحولیاتی آلودگی کی وجہ سے آپ کے علاقے پر کیا اثرات ہوئے ہیں؟
- اردگرد کے ماحول کو صاف رکھنے کے لیے ایک شہری کی کیا ذمہ داریاں ہیں؟

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION & EMPLOYMENT**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1A**

# میڈیا میں ملازمت



ایسا لگتا ہے کہ ہر کوئی میڈیا سے متعلق ملازمت حاصل کرنا چاہتا ہے۔ برطانیہ کے بہت سے کالجوں میں ''میڈیا سٹڈیز'' (Media Studies) کے کورس اتنے مقبول ہوگئے ہیں کہ بہت سے طالب علموں کو داخلہ ہی نہیں ملتا۔ کالج سے فارغ ہوکر بھی میڈیا سٹڈیز کے ہزاروں گریجویٹ جب نوکری کی تلاش میں نکلتے ہیں تو ان کے لیے ملازمت حاصل کرنا آسان نہیں ہوتا۔ ہر ملازمت کے لیے سینکڑوں امیدوار ہوتے ہیں، اور ان میں سے بعض امیدوار تو میڈیا میں نوکری حاصل کرنے کے لیے اتنے پُر جوش ہوتے ہیں کہ وہ بغیر تنخواہ کام کرنے پر بھی تیار ہوجاتے ہیں۔

- عبارت میں کس بات کا ذکر کیا گیا ہے؟
- عبارت کے مطابق طالب علم کس بات سے مایوس ہو جاتے ہیں؟
- اچھی ملازمت حاصل کرنے کے لیے لوگوں کو کیا کرنا چاہیئے؟
- کیا آپ بغیر تنخواہ کے نوکری کرنے پر تیار ہوں گے اور کیوں / کیوں نہیں؟



P38969A

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION & EMPLOYMENT**

**STIMULUS 1 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 1B**

# میڈیا میں ملازمت



ایسا لگتا ہے کہ ہر کوئی میڈیا سے متعلق ملازمت حاصل کرنا چاہتا ہے۔ برطانیہ کے بہت سے کالجوں میں ''میڈیا سٹڈیز'' (Media Studies) کے کورس اتنے مقبول ہوگئے ہیں کہ بہت سے طالب علموں کو داخلہ ہی نہیں ملتا۔ کالج سے فارغ ہوکر بھی میڈیا سٹڈیز کے ہزاروں گریجویٹ جب نوکری کی تلاش میں نکلتے ہیں تو ان کے لیے ملازمت حاصل کرنا آسان نہیں ہوتا۔ ہر ملازمت کے لیے سینکڑوں امیدوار ہوتے ہیں، اور ان میں سے بعض امیدوار تو میڈیا میں نوکری حاصل کرنے کے لیے اتنے پُر جوش ہوتے ہیں کہ وہ بغیر تنخواہ کام کرنے پر بھی تیار ہوجاتے ہیں۔

- عبارت میں کس بات کا ذکر کیا گیا ہے؟
- عبارت کے مطابق طالب علم کس بات سے مایوس ہو جاتے ہیں؟
- عام لوگوں کی زندگی میں ملازمت کی کیا اہمیت ہے؟
- آپ کی رائے میں ڈگری حاصل کرنا ضروری ہے یا نہیں اور کیوں؟

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION & EMPLOYMENT**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2A**

# کمپیوٹر کی دنیا



کمپیوٹر کی تعلیم نہ صرف یورپ میں بلکہ دنیا بھر میں عام ہوگئی ہے۔ پرائمری سکول سے یونیورسٹی تک لاکھوں طالب علم کمپیوٹر پر کوئی نہ کوئی کام کرنا سیکھ رہے ہیں۔ ایسا لگتا ہے کہ زیادہ تر لوگ کمپیوٹر پر ویب سائٹ ڈیزائن کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں جب کہ اس شعبے میں نوکری حاصل کرنا بہت مشکل ہے۔ اس وقت دنیا میں کروڑوں کمپیوٹر موجود ہیں۔ لوگ سافٹ وئیر کا علم تو رکھتے ہیں لیکن بہت کم لوگوں کو ہارڈ وئیر سے واقفیّت ہے۔ بہتر یہ ہے کہ لوگ کمپیوٹر کی مرمت کرنا سیکھیں تاکہ انہیں اچھی ملازمت مل سکے۔

- عبارت کے مطابق آجکل کونسی تعلیم عام ہوگئی ہے؟
- عبارت کے مطابق لوگوں کو کمپیوٹر کے متعلق کیا چیز سیکھنی چاہیے اور کیوں؟
- آپ کی رائے میں ہر شخص کے لیے کمپیوٹر کا استعمال ضروری ہے یا نہیں اور کیوں؟
- تعلیم حاصل کرنے میں کمپیوٹر کے فائدے اور نقصانات کیا ہیں؟



P38969A

**GCE URDU AS**
**UNIT 1**

**TOPIC AREA: EDUCATION & EMPLOYMENT**

**STIMULUS 2 (Teacher/Examiner version)**

**CARD 2B**

# کمپیوٹر کی دنیا



کمپیوٹر کی تعلیم نہ صرف یورپ میں بلکہ دنیا بھر میں عام ہوگئی ہے۔ پرائمری سکول سے یونیورسٹی تک لاکھوں طالب علم کمپیوٹر پر کوئی نہ کوئی کام کرنا سیکھ رہے ہیں۔ ایسا لگتا ہے کہ زیادہ تر لوگ کمپیوٹر پر ویب سائٹ ڈیزائن کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں جب کہ اس شعبے میں نوکری حاصل کرنا بہت مشکل ہے۔ اس وقت دنیا میں کروڑوں کمپیوٹر موجود ہیں۔ لوگ سافٹ وئیر کا علم تو رکھتے ہیں لیکن بہت کم لوگوں کو ہارڈ وئیر سے واقفیّت ہے۔ بہتر یہ ہے کہ لوگ کمپیوٹر کی مرمت کرنا سیکھیں تا کہ انہیں اچھی ملازمت مل سکے۔

- عبارت کے مطابق آجکل کونسی تعلیم عام ہوگئی ہے؟
- عبارت کے مطابق لوگوں کو کمپیوٹر کے متعلق کیا چیز سیکھنی چاہیے اور کیوں؟
- بعض طالب علموں پر کمپیوٹر کے منفی اثرات کیا ہیں؟
- آپ کے خیال میں کیا آپ کمپیوٹر سیکھے بغیر کامیاب زندگی گزار سکتے ہیں یا نہیں اور کیسے؟

**BLANK PAGE**